# کافیہ کی تعریفات

**الکلمة** لفظ وضع لمعنی مفرد، ایسا لفظ جس جس کو مفرد معنٰی کے لئے وضع کیا گیا ہو

**الکلام** ما تضمن کلمتین بالاسناد، ایسا اسم جو دو کلموں کو شامل ہو اسناد کے ذریعے

**الاسم** مادل علی معنی في نفسه غير مقترن بأحد الأزمنة الثلاثة،

ایسا کلمہ جو اپنے معنٰی پر خود دلالت کرے اور تینوں زمانوں میں سے کسی ایک کے ساتھ ملا ہوا ہو۔

**معرب** المرکب الذي لم يشبه مبنی، ایسا مرکب جو مبنی الاصل کے مشابہ نہ ہو۔

**الإعراب** مااختلف آخره به ليدل على المعاني المعتورة عليه،

وہ چیز جس کی وجہ سے معرب کا آخر تبدیل ہوتا ہے تاکہ دلالت کرے ایسے معنٰی پر جو یکے بعد دیگرے معرب پر وارد ہوتے ہیں۔

**والعامل** مابه يتقوم المعنى المقتضي،

وہ چیز جس کی وجہ سے ایسا معنٰی حاصل ہو جو اعراب کا تقاضہ کرے

**غیر المنصرف** مافيه علتان من تسع أو واحدة منها تقوم مقامهما،

وہ اسم معرب جس میں نو اسباب میں سے دو سبب یا ایک ایسا سبب ہو جو دو اسباب کے قائم مقام ہو

**عدل** خروجه عن صيغته الأصلية تحقيقا وتقديرا

،ایسا اسم جو اپنی اصلی صورت سے نکالا گیا ہو بطور تحقیق یا بطور تقدیر

**مرفوع** هو ما اشتمل على علم الفاعلية، ایسا اسم جو فاعلیت کی علامت پر مشتمل ہو

**فاعل** وهو ما أسند إليه الفعل أو شبهه وقدم عليه على جهة قيامه به

،وہ اسم جس کی طرف فعل یا شبہ فعل کی اسناد کی گئی ہو اور فعل یا شبہ فعل کو اس پر مقدم کیا گیا ہو اس جہت پر کہ وہ اس اسم کے ساتھ قائم ہو۔

**مفعول مالم يسم فاعله** كل مفعول حذف فاعله وأقيم هو مقامه،

ہر وہ مفعول جس کے فاعل کو حذف کیا گیا ہو اور مفعول کو اس کے قائم مقام کیا گیا ہو۔

**مبتدأ** هو الاسم المجرد عن العوامل اللفظية مسندا إليه أو الصفة الواقعة بعد حرف النفي أو ألف رافعة لظاهر،

وہ اسم جو مسند الیہ ہو کر عوامل لفظی سے خالی ہو یا ایسا صفت کا صیغہ ہو جو حرف نفی یا الف استفهام کے بعد واقع ہو اور اسم ظاہر کو رفع دے۔

**خبر** هو المجرد المسند به المغائر للصفة المذكورة۔

جو عوامل لفظیہ سے خالی ہو اور اس کے سبب کلام میں اسناد کی گئی اور صفت کا مغائر ہو جو مبتداء کی تعریف میں مذکور ہوئی

**منصوب** "ما اشتمل علی علم المفعولیۃ ،ایسا اسم جو مفعولیت کی علامت پر مشتمل ہو

**مفعول المطلق** وھو اسم مافعلہ فاعل فعل مذکور بمعناہ،

وہ اسم جس کو فعل مذکور کے فاعل نے کیا ہو اس کے معنٰی کے ساتھ۔

**مفعول بہ** ھو ماوقع علیہ فعل الفاعل، وہ مفعول جس پر فاعل کا فعل واقع ہو

**منادي** وھو المطلوب إقبالہ بحرف نائب مناب أدعو،

منادیٰ وہ اسم جس کو طلب کیا گیا ہو ایسے حرف کے ساتھ جو ادعو کے قائم مقام ہو۔

**ترخیم منادی** وھو حذف في آخرہ تخفیفا، منادیٰ کے آخر میں تخفیفاً حذف کرنا۔

**ما اضمر عاملہ علیٰ شریطۃ التفسیر** ،وھو کل اسم بعدہ فعل او شبھہ مشتغل عنہ بضمیرہ او متعلقہ لو سلب علیہ ھو او مناسبہ لنصبہ،

ہر وہ اسم جس کے بعد فعل یا شبہ فعل ہو اور وہ فعل یا شبہ فعل اعراض کرنے والا ہو اس اسم میں عمل کرنے سے اس کی ضمیر یا اس کے متعلق میں عمل کرنے کی وجہ سے اگر اس فعل یا شبہ فعل کو اس اسم پر مسلط کر دیا جائے تو ضرور اس کو نصب دے۔

**تحزیر** وھو معمول بتقدیر اتق،او ذکرالمحذر منہ مکرراً،

وہ معمول جو اتقِ کی تقدیر کے ساتھ مابعد سے ڈرانے کے لئے آتا ہے یا محذر منہ کو مکرر ذکر کر دیا جائے۔

**مفعول فیہ** ۔ھوما فعل فیہ فعل مذکور من زمان أومکان

وہ مفعول جس میں فعل مذکور کیا گیا ہو چاہے مکان ہو یا زمان۔

**مفعول لہ** ۔ھوما فعل لاجلہ فعل مذکور، وہ اسم جس کی وجہ سے فعل مذکور کیا گیا ہو۔

**مفعول معہ** ۔ھو مذکور بعد واو لمصاحبۃ معمول فعل لفظاًأو معنیً۔

وہ اسم جو واؤ کے بعد واقع ہو فعل کے معمول کی مصاحبت کے لئے خواہ فعل لفظی ہو یا معنوی۔

**حال** ۔مایبین ہیئۃ الفاعل اوالمفعول بہ لفظاًأو معنیً،

وہ لفظ جو فاعل یا مفعول بہ کی حالت بیان کرے ( خواہ فاعل یا مفعول) لفظی ہو یا معنوی۔

**تمییز**۔ " مایرفع الابھام المستقر عن ذات مذکورۃ او مقدرۃ،

وہ اسم جو ذاتِ مذکورہ یا مقدرہ سے ایسے ابھام کو دور کرے جو راسخ ہو چکا ہو۔

**مستثنیٰ متصل**۔" ھوالمخرج عن متعدد لفظاًأو تقدیراً بالاّ واخواتہ،

وہ مستثنیٰ جس کو الاّ اور اس کے اخوات کے ذریعے متعدد سے نکالا گیا ہو لفظی یا تقدیری طور پر۔

**مستثنیٰ منقطع** "ھو المذکور بعد الاّ غیر مخرج،

وہ مستثنیٰ جو الا بعد مذکور ہو اور اس کو نکالا نہ گیا ہو

**مجرور** " ھو ما شتمل علیٰ علم المضاف الیہ،

جو مضاف الیہ کی علامت پر مشتمل ہو

**مضاف الیہ** " کل اسم نسب الیہ شیئ بواسطۃ حرف الجر لفظا او تقدیرا،

ہر وہ اسم جس کی طرف حرف جر کے واسطے سے کسی چیز کی اضافت کی گئی ہو حرف جر لفظی ہو یا تقدیری۔

**اضافۃ معنویہ** " ان یکون المضاف غیر صفۃ مضافۃ الی معمولھا،

مضاف ایسا صفت کا صیغہ نہ ہو جو اپنے معمول کی طرف مضاف ہو۔

**اضافۃ لفظیہ** " ان یکون المضاف صفۃ مضافۃ الی معمولھا،

مضاف ایسا صفت کا صیغہ ہو جو اپنے معمول کی طرف مضاف ہو

**تابع** " ھو کل ثان باعراب سابقہ من جھۃ واحدۃ،

ہر وہ دوسرا جس کو پہلے والے کا اعراب دیا گیا ہو ایک ہی جہت سے۔

**نعت** ( صفت ) تابع یدل علیٰ معنیً فی متبوعہ مطلقا،

ایسا تابع جو اپنے متبوع میں پائے جانے والے معنیٰ پر مطلقاً دلالت کرے۔

**عطف** " تابع مقصود بالنسبۃ مع متبوعہ ویتوسط بینہ وبین متبوعہ احد الحروف العشرۃ

ایسا تابع جو اپنے متبوع کے ساتھ مقصود بالنسبۃ اور اس تابع اور متبوع کے درمیان دس حروف میں سے کوئی ایک حرف ہو۔

**تاکید** " تابع یقرر امر المتبوع فی النسبۃ او الشمول،

ایسا تابع جو متبوع کے حال کو نسبۃ میں یا شمولیت میں پختہ کرے۔

**بدل** " تابع مقصود بما نسب الی المتبوع دونہ،

ایسا تابع جو مقصود ہو اس نسبت سے جو اس کے متبوع کی طرف کی گئی ہے نہ کہ اس کا متبوع ( یعنی اس کا متبوع مقصود نہ ہو )

**عطف بیان** " تابع غیر صفۃ یوضح متبوعہ،

ایسا تابع جو صفت نہ اور اپنے متبوع کی وضاحت کرے۔

**مبنی** " ماناسب مبنی الاصل او وقع غیر مرکب،

وہ اسم جو مبنی الاصل کے مناسب ہو یا غیر مرکب واقع ہو۔

**مضمر** " ماوضع لمتکلم او مخاطب او غائب تقدم ذکرہ لفظاً او معنیً او حکماً،

وہ اسم جو متکلم مخاطب یا ایسے غائب کے لئے وضع کیا گیا ہو جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہو خواہ لفظاً یا معنیً یا حکماً

**ضمیر شان وقصہ** " یتقدم قبل الجملۃ ضمیر غائب یسمیٰ ضمیر الشان والقصۃ یفسر بالجملۃ

،ایسی ضمیر غائب جو جملے سے پہلے ہو اور بعد والا جملہ اس کی تفسیر بیان کر رہا ہو اس کو ضمیر شان وقصہ کہتے ہیں۔( مذکر کی ضمیر کو شان اور مؤنث کی ضمیر کو قصہ کہتے ہیں)

**اسم اشارہ** " ماوضع لمشار الیہ، وہ اسم جس کو مشار الیہ کے لئے وضع کیا گیا ہو۔

**اسم موصول** " مالا یتم جزءاً الا بصلۃ وعائد، ایسا اسم جو صلے اور عائد کے بغیر جملے کا جزء تام نہ بن سکے۔

**اسم فعل**" ماکان بمعنی الامر او الماضی، وہ اسم جو امر یا ماضی کے معنیٰ میں ہو

**اسم صوت** " کل لفظ حکی بہ صوت او صوت بہ البھائم،

ہر وہ لفظ جس کے ساتھ کسی جانور کی آواز نقل کی جائے یا جس کے ذریعے کسی جانور کو آواز دی جائے۔

**اسم مرکب** " کل اسم من کلمتین لیس بینھما نسبۃ

۔ہر وہ اسم جو ایسے دو کلموں سے مرکب ہو جن کے درمیان کوئی نسبۃ نہیں ہے

**اسم معرفہ** " ماوضع لشیئ بعینہ، وہ اسم جو معین چیز کے لئے وضع کیا گیا ہو

**علم** " ماوضع لشیئ بعینہ غیر متناول غیرہ وضع واحد،

وہ اسم جو وضع کیا گیا ہو کسی متعین چیز کے لئے جو اپنے علاوہ کو وضع واحد کے ساتھ شامل نہ ہو

**اسم نکرہ** " ماوضع لشیئ لا بعینہ، وہ اسم جو غیر معین چیز کے لئے وضع کیا گیا ہو۔

**اسم عدد** " ماوضع لکمیۃ الاحاد الاشیاء، وہ اسماء جو اشیاء کے افراد کی مقدار پر دلالت کرنے کے لئے وضع کئے گئے ہو۔

**مؤنث** " مافیہ علامۃ التانیث لفظاً او تقدیراً، وہ اسم جس میں علامت تانیث لفظاً یا یا تقدیراً پائی جائے۔

**مذکر** " مالم یوجد فیہ علامۃ التانیث، وہ اسم جس میں تانیث کی علامت قطعاً نہ ہو

**مثنیٰ** " مالحق آخرہ الف اویاء مفتوح ماقبلھا ونون مکسورۃ لیدل علیٰ ان معہ مثلہ من جنسہ ،

وہ اسم جس کے آخر میں الف یا یاء ما قبل مفتوح اور نون مکسور ہو تا کہ دلالت کرے کہ اس کے ساتھ اسی کی جنس سے اسی کی مثل دوسرا بھی ہے۔

**مجموع** " مادل علیٰ آحاد مقصودۃ بحروف مفردہ بتغیر ما ،

وہ اسم جو ان افراد پر دلالت کرے کہ جن کا اس کے واحد سے قصد کیا گیا ہو اس کے واحد کے حروف میں کچھ تبدیلی کے ساتھ

**جمع مذکر سالم** " مالحق آخرہ واو مضموم ماقبلھا او یاء مکسور ماقبلھا ونون مکسور لیدل ان معہ اکثر منہ،

وہ جمع جس کے آخر میں واؤ ما قبل مضموم یا یاء ما قبل مکسور اور نون مکسور لاحق ہو تا کہ دلالت کرے کہ اس کے ساتھ اور بھی افراد ہیں

**جمع مؤنث سالم** " مالحق آخرہ الف وتاء، وہ جمع جس کے آخر الف اور تاء لاحق ہو۔

**مصدر** " اسم للحدث الجاری علی الفعل، مصدر اس معنٰی حدثی کا نام ہے جو فعل پر جاری ہوتا ہے۔

**اسم فاعل** " ماشتق من فعل لمن قام بہ بمعنٰی الحدوث،

وہ اسم جو فعل سے مشتق ہو اس ذات پر دلالت کرنے کے لئے جس کے ساتھ فعل قائم ہو حدوث کے معنٰی کے ساتھ۔

**اسم مفعول** " ماشتق من فعل لمن وقع علیہ،

وہ اسم جو فعل سے مشتق ہو اس ذات پر دلالت کرنے کے لیے جس پر فاعل کا فعل واقع ہو۔

**صفت مشبہ** " ماشتق من لازم لمن قام بہ علی معنٰی الثبوت،

وہ اسم جو فعل لازم سے مشتق ہو تا کہ اس ذات پر دلالت کرے جس کے ساتھ فعل قائم ہو ثبوت کے معنٰی میں

**اسم تفضیل** " ماشتق من لموصوف بزیادۃ علٰی غیرہ،

وہ اسم جو فعل سے مشتق ہو کسی موصوف کے لئے وضع کیا گیا ہو اپنے غیر پر زیادتی کے ساتھ

**فعل** " مادل علی معنیً فی نفسہ مقترن باحدالازمنۃ الثلاثۃ،

ایسا کلمہ جو فی نفسہ اپنے معنیٰ پر ایسی دلالت کرے جو ملی ہوئی ہو تینوں زمانوں میں سے کسی ایک کے ساتھ۔

**فعل ماضی** " مادل علیٰ زمان قبل زمانک، ایسا فعل جو تیرے زمانے سے پہلے والے زمانے پر دلالت کرے

**فعل مضارع** " ماشبہ الاسم باحد حروف نآیت،

وہ فعل جو حروف نآیت میں سے کسی حرف کے ساتھ اسم سے مشابہت رکھے

**فعل امر** "صیغہ یطلب بھاالفعل من الفاعل المخاطب بحذف حرف المضارعۃ

وہ صیغہ جس کے ذریعے فاعل مخاطب سے فعل کو طلب کیا جائے علامت مضارع کو حذف کرنے کے ساتھ۔

**فعل مالم یسم فاعلہ** ( فعل مجہول) ماحذف فاعلہ واقیم المفعول مقامہ،

وہ فعل جس کے فاعل کو حذف کیا گیا ہو اور مفعول کو اس کے قائم مقام کیا گیا ہو

**فعل متعدی** " مایتوقف فھمہ علیٰ متعلق، وہ فعل جس کا سمجھنا کسی متعلق پر موقوف ہو۔

**افعال ناقصہ** " ماوضع لتقریر الفاعل علیٰ صفۃ

،وہ افعال جو کسی مخصوص صفت فاعل کو ثابت کرنے کے لئے وضع کئے گئے ہوں

**افعال مقاربہ** " ماوضع لدنو الخبر ،وہ افعال جن کو خبر کے قریب ہونے پر دلالت کرنے کے لئے وضع کئے گئے ہوں

**فعل تعجب** " ماوضع لانشاء التعجب ،وہ افعال جن کو تعجب پیدا کرنے کے لئے وضع کئے گئے ہوں

**افعال مدح وذم** " ماوضع لانشاء المدح والذم، وہ افعال جو تعریف یا برائی ظاہر کرنے کے لئے وضع کئے گئے ہوں

**حرف** " مادل علیٰ معنیً فی غیرہ ،وہ کلمہ جو اپنے غیر کے معنیٰ پر دلالت کرے


## ازقلم۔رحمت اللہ عطاری مدنی

مدرس جامعۃ المدینہ ڈیرہ مراد جمالی بلوچستان

موبائل نمبر۔03483652396

واٹس اپ نمبر۔03473010014